Urdu (Compulsory) Paper – XII (01) (19)

Name

Roll No

1۔ ہر سوال کے سامنے چار دائرے دیئے گئے ہیں، صرف صحیح جواب والا دائرہ بھر دیں۔
2۔ دائروں کو شیڈ (بھرنے) کے لئے نیلے یا کالے رنگ کا مارکر استعمال کریں۔
3۔ جواب میں ایک سے زائد دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

Total Marks : 100
Time Allowed: 20 Minutes

Total Time Allowed: 3 Hours
Marks : 20

## SECTION – A

| # | سوال | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | "الفاروق" اور "المامون"۔۔۔کی تصانیف ہیں۔ | ● مولانا شبلی نعمانی | ○ محمد حسین آزاد | ○ احمد ندیم قاسمی | ○ خواجہ حسن نظامی |
| 2 | تیونس میں۔۔۔برس طالب علم کو تعلیم گاہ میں رہنا لازمی تھا۔ | ○ چار | ● پانچ | ○ چھ | ○ سات |
| 3 | رموزِ اوقاف کی رُو سے تفصیلیہ کیلئے۔۔۔۔علامت استعمال ہوتی ہے۔ | ○ (!) | ○ (!!) | ● (:-) | ○ (؛) |
| 4 | محمد حسین آزاد کی رائے کے مطابق بقائے دوام ۔۔۔۔طرح کی ہے۔ | ○ تین | ○ چار | ○ پانچ | ● دو |
| 5 | اس نے سانپ کو مار ڈالا۔ اس جملے میں لفظ "ڈالا" قواعد کی رو سے۔۔۔۔ہے۔ | ● امدادی فعل | ○ حروف جار | ○ لاحقہ | ○ مرکب اضافی |
| 6 | نصاب میں شامل سبق "کتبہ"۔۔۔کی تخلیق ہے۔ | ○ سعادت حسن منٹو | ● غلام عباس | ○ اشفاق احمد | ○ احمد ندیم قاسمی |
| 7 | اِکٹھے رکھے ہوئے دو۔۔۔بھی ٹکرا کر بج اٹھتے ہیں۔ | ○ ڈھول | ○ گھنگرو | ● برتن | ○ گھڑے |
| 8 | "عبداللہ" شامل نصاب سبق۔۔۔کا اہم کردار ہے۔ | ○ محسن محلہ | ○ کنڈکٹر | ○ مائیں | ● سیاہ فام |
| 9 | ماسٹر الیاس کے پاس دو لڑاکا بٹیر اور ایک۔۔۔تھا۔ | ● اصیل مرغا | ○ تیتر | ○ طوطا | ○ کُتا |
| 10 | سبق "کنڈکٹر"۔۔۔۔نے لکھا ہے۔ | ○ شوکت صدیقی | ● الطاف فاطمہ | ○ احمد ندیم قاسمی | ○ مشتاق احمد یوسفی |
| 11 | ۔۔۔ادبیاتِ سرحد کا ایک رنگین باب تھا۔ | ○ قمر صاحب | ○ مظہر گیلانی | ● ضیاء صاحب | ○ جگر کاظمی |
| 12 | لفظوں کی جنگ میں فتح کسی کی بھی ہو۔ شہید صرف۔۔۔ہوتی ہے۔ | ○ جھوٹ | ○ محبت | ○ انسان | ● سچائی |
| 13 | نظم "بڑھے چلو"۔۔۔۔نے لکھی۔ | ● اختر شیرانی | ○ جوش ملیح آبادی | ○ مجید امجد | ○ منیر نیازی |
| 14 | جوش ملیح آبادی کو شاعر۔۔۔کہا جاتا ہے۔ | ○ غم | ● فطرت | ○ مشرق | ○ طرب |
| 15 | ایسی نظم جو چودہ مصرعوں پر مشتمل ہو۔۔۔کہلاتی ہے۔ | ○ مخمس | ○ مسدس | ● سانیٹ | ○ مستزاد |
| 16 | ۔۔۔پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں۔ | ○ علم | ○ فضل | ○ دولت | ● ادب |
| 17 | غزل۔۔۔زبان کا ایک مصدر ہے۔ | ● عربی | ○ ترکی | ○ فارسی | ○ پشتو |
| 18 | فیض احمد فیض کا پہلا مجموعہ کلام۔۔۔۔کے نام سے 1941ء میں شائع ہوا۔ | ○ دستِ صباء | ● نقشِ فریادی | ○ غبارِ ایام | ○ زنداں نامہ |
| 19 | وہ کلام موزوں جو با مقصد ہو۔ ایک خیال کو ظاہر کرے اور جس کے دونوں مصرعے ایک ہی وزن میں ہوں۔۔۔۔کہلاتا ہے۔ | ○ سانیٹ | ○ نظم معرّیٰ | ● شعر | ○ بیت الغزل |
| 20 | ۔۔۔۔نے شہزاد احمد کو نئی غزل کا مزاج دان کہا ہے۔ | ○ ڈاکٹر عبارت بریلوی | ● ڈاکٹر انور سدید | ○ ڈاکٹر علامہ اقبال | ○ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان |

eduvision.edu.pk

PR XII (01) 19

# اُردو (لازمی) (نیو کورس)

**Inter Part-II**
**(Fresh/Reappear)**

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ ہیں۔

## سیکشن (ب)

نمبر: 50

سوال-II درجہ ذیل میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جُزو کے پانچ نمبر ہیں۔

(۱) اعراب لگائیں: معمور، دفعتاً، عجمی، غارت گری، مجتہدین

(۲) علامہ اقبالؒ نے مسلمانانِ ہند کی عملی سیاسیات کی طرف اپنی توجہ کیوں مبذول کی؟

(۳) "سلطنت میں میراث نہیں چلتی" سے کیا مراد ہے؟

(۴) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔
مستقبل، معمول، اثاثہ، ادنیٰ و اعلیٰ، بے مصرف۔

(۵) "مکھن ٹوش" کا نعرہ کس کا تھا؟

(۶) شعر سننے اور سنانے کے معاملے میں یو۔پی کے شعراء کا کیا طرزِ عمل ہے؟

(۷) مصنف نے ضیاء جعفری کو بوڑھے برگد سے کیوں تشبیہ دی؟

(۸) لیڈر نے اپنی تقریر کیلئے کون سے نکات اکٹھے کیے تھے

(۹) خان صاحب نے اپنے خط میں کیا لکھا تھا؟

(۱۰) نظم "بڑھے چلو" کا مرکزی خیال لکھیں۔

(۱۱) دنیا میں زیادہ تر لوگ کس قسم کے ہیں؟

(۱۲) "صحرا میں بکھرنے" سے کیا مراد ہے؟

(۱۳) صنعت صفت الاعداد کی تعریف کریں۔ اور شعر سے مکمل وضاحت کریں۔

## سیکشن (ج)

نمبر: 30

سوال-III درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جُزو کی سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ 10

(الف) "خداوند تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہماری یہ ضرورت ایک حد تک پوری ہوئی۔ یہاں اس بحث میں الجھنا بے سود ہوگا۔ کہ ہم میں سے کتنے اس نعمتِ عظمیٰ سے بہرہ مند ہوئے۔ لیکن جس قدر بھی بہرہ مند ہو سکے ان کیلئے نجات و فلاح کا ایک ہی راستہ ہے۔ اور وہ راستہ وطن کی والہانہ محبت کے مرغزار میں ہو کر نکلتا۔ اور اِسی فوز عظیم کی طرف بڑھتا ہے۔ جو مؤمن کی منزلِ مقصود ہے۔"

(ب) "وہ بچپن میں ایک چھلاوہ اور جوانی میں حشر مجسّم تھے۔ جس راستے سے گزرتے۔ وہ راستہ قوس قزح میں نہا جاتا۔ جس محفل میں براجمان ہوتے۔ وہ محفل اُنکی طلسمی خوشبو سے مہکنے لگتی۔ جو لباس بھی پہنتے ان پر ایسا پھبتا۔ گویا ان کے بانک پن سے اِس لباس کو زینت ملی ہو۔۔۔۔۔۔ آخری عمر میں ان کی بزرگانہ شفقت، حسنِ اخلاق، محبت اور خلوص کے تصور سے میرے دِل میں اُس بوڑھے برگد کی یاد جاگ اُٹھتی ہے، جو شاہی باغ، پشاور کے مغربی کونے میں ایک وسیع رقبے میں پھیلا ہوا تھا۔

سوال-IV درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ 10

(الف)
وہ روح ہیں انوارِ خدا صبح وہ صادق   وہ حسن جسے دیکھ کے ہر آنکھ ہو عاشق
وہ سادگی انسان کے فطرت کے مطابق   زریں وہ افق نور سے لبریز وہ مشرق

(ب)
ایک گنہگار سردار کو کیا بولنا ہے   خلقتِ شہر تھی چپ شاہ کے فرمان کے بعد
اب کسی واقفِ اسرار کو کیا بولنا ہے   وہی جانے پسِ پردہ جو تماشہ گر ہے

سوال-V درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ 10

(الف) عشقِ مصطفیٰ ﷺ وقت کی اہم ضرورت
(ب) موبائل فون۔ فوائد و نقصانات
(ج) میرا نصب العین

eduvision.edu.pk